رسید

رسید کے لغوی معنی "پہنچنا" ہیں لیکن اصطلاح میں "رسید" اس تحریر کو کہا جاتا ہے جو کسی چیز کے وصول کرنے پر لکھی جاتی ہے لین دین میں رسید لکھنا لکھوانا بہت ضروری ہوتا ہے۔ بلکہ قانونی معاملات میں تو رسید، کے بغیر کسی کا مالی دعوی تسلیم ہی نہیں کیا جاتا۔ رسید کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ قرض کے لین دین میں لکھت پڑھت کا علم قرآن مجید میں ہے۔

عدالت میں پیش کرنے کے لیے رسیدات عدالتی کاغذ (اسٹام پیپر) پر لکھی جاتی ہیں یا عام کاغذ پر لکھ کر ان پر عدالتی ٹکٹ لگائے جاتے ہیں۔ اہم معاملات میں رسید پر گواہوں کے دستخط بھی ہونا ضروری ہیں۔

سوال نمبر ۱۔ موٹر سائیکل کی فروخت اور قیمت کی وصولی کی رسید لکھیں۔

جواب۔ رسید بابت موٹر سائیکل فروخت اور قیمت وصولی

باعث تحریر آنکہ

منکہ مسمی انور خان ولد سرور خان ساکن راولپنڈی نے اپنی موٹر سائیکل ماڈل 2006 رجسٹریشن نمبر 5638-IDM جس کا انجن نمبر AL55678 اور چیسز نمبر 30305 ہے "جو ہے جیسی ہے" کی بنیاد پر فروخت کر دی ہے۔ موٹر سائیکل کی کل قیمت مبلغ پچاس ہزار روپے جن کے نصف پچیس ہزار ہوتے ہیں، وصول کرلی ہے اور اس کے کاغذات مشتری کے حوالے کر دیئے ہیں۔

تاریخ: 14 اگست 2019

العبد

گواہ گواہ گواہ

دستخط------- دستخط------- دستخط------

نام-------- نام-------- نام--------

شناختی کارڈ نمبر----- شناختی کارڈ نمبر----- شناختی کارڈ نمبر-----

پتہ----------- پتہ----------- پتہ-----------

سوال نمبر2۔ بھینس کی خریداری کی رسید تحریر کیجئے۔

جواب۔ رسید بھینس کی خریداری

منکہ مسمی انور علی ولد زاہد علی ساکن راولپنڈی نے اپنی بھینس جس کی عمر تین سال ہے رنگ سیاہ پیشانی پر سفید دھبہ ہے اور روزانہ دس کلو دودھ دیتی ہے "جو ہے جیسی ہے" کی بنیاد پر چوہدری مولا داد ولد چوہدری اللہ داد ساکن پیپلز کالونی راولپنڈی کے ہاتھ فروخت کر دی ہے۔

بھینس کی کل قیمت مبلغ پچاس ہزار روپے جن کے نصف پچیس ہزار روپے ہوتے ہیں نقد وصول کر لی ہے اور بھینس گواہان کے سامنے مشتری چوہدری مولا داد کے حوالے کر دی ہے رسید لکھ دی ہے تاکہ بوقت ضرورت کام آسکے۔

تاریخ: 19 اگست 2019ء

العبد

گواہ گواہ گواہ

نام---------	نام---------	نام---------
شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔
پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 3۔ قرض حسنہ لینے کی رسید تحریر کیجئے۔

جواب۔ <u>رسید قرض حسنہ</u>

باعث تحریر حسنہ

مبلغ چار ہزار روپے جن کے نصف دو ہزار ہوتے ہیں ازاں ڈاکٹر سفیر حسین خان ولد حیات خان ساکن لاہور سے بطور قرض حسنہ وصول کر کے رسید لکھ دی ہے تا سندر ہے۔ اور بوقت ضرورت کام آئے۔ نیزیہ کہ راقم اس بات کا اقرار ہے کہ یہ قرض حسنہ جنوری 2019ء تک دو برابر اقساط میں ادا کرے گا۔ پہلی کم دسمبر 2019ء کو ادا کی جائیگی۔

تاریخ: 15 نومبر 2019ء

العبد

گواہ	گواہ	گواہ
دستخط۔۔۔۔۔۔	دستخط۔۔۔۔۔۔	دستخط۔۔۔۔۔۔
نام---------	نام---------	نام---------
شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔
پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جواب۔ رسید کار کی فروخت

باعث تحریر آنکہ

منکہ مسمی ــــــــــــــ ولد ------------- ساکن راولپنڈی نے اپنی گاڑی سوزوکی مارگلہ ماڈل 1994 رجسٹرڈ نمبر LOL4488 جس کا انجن نمبر AL23567 اور چیسز نمبر 30345" جو ہے جیسی ہے" کی بنیاد پر مسمی ــــــــ ولد کے ــــــــــــ کے ہاتھ فروخت کر دی ہے۔

گاڑی کی کل قیمت مبلغ تین لاکھ روپے نصف جن کے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے ہوتے ہیں۔ وصول کر لی ہے گاڑی اور اس کے تمام کاغذات مشتری عامر خان کے حوالے کر دیئے ہیں آج کے بعد اس گاڑی سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ہی اسکی کوئی ذمہ داری مجھ پر ہوگی۔

تاریخ: 9اگست 2019ء

العبد

گواہ	گواہ	گواہ
دستخط ــــــــ	دستخط ــــــــ	دستخط ــــــــ
نام---------	نام---------	نام---------
شناختی کارڈ نمبر ـــــ	شناختی کارڈ نمبر ـــــ	شناختی کارڈ نمبر ـــــ
پتہ ــــــــــــ	پتہ ــــــــــــ	پتہ ــــــــــــ

سوال نمبر5۔ مکان کی فروخت کی پیشگی رقم کی وصولی کی رسید لکھیں۔

جواب۔ رسید بابت فروختگی مکان

باعث تحریر آنکہ

منکہ مسمی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے مبلغ ایک لاکھ روپے جن کے نصف پچاس ہزار روپے ہوتے ہیں پیشگی رقم بابت فروختگی مکان وصول کر کے رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے۔ اور بوقت ضرورت کام آئے۔ دو ماہ کے بعد اگر مشتری نے بقایا رقم ادا نہ کی تو یہ رقم ضبط کر لی جائے گی۔

تاریخ: 5 ستمبر 2019ء

العبد

گواہ	گواہ	گواہ
دستخط۔۔۔۔۔۔	دستخط۔۔۔۔۔۔	دستخط۔۔۔۔۔۔
نام--------	نام--------	نام--------
شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔	شناختی کارڈ نمبر۔۔۔۔۔
پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔	پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر6۔ کرایہ مکان کی وصولی کی رسید تحریر کریں۔

جواب: کرایہ مکان کی وصولی کی رسید

باعث تحریر آنکہ

منکہ مسمی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے مبلغ دس ہزار روپے نصف جن کے پانچ ہزار ہوتے ہیں ازاں مسمی محمد انور مکان نمبر 162، لین نمبر 11، قائد اعظم کالونی، چکری روڈ، راولپنڈی بابت کرایہ ماہ دسمبر 2019ء وصول پا کر رسید لکھ دی ہے تا کہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آئے۔

تاریخ: 5- دسمبر 2019ء

العبد

دستخط-------

نام---------

شناختی کارڈ نمبر-----

پتہ-----------

دستخط-------

نام---------

شناختی کارڈ نمبر-----

پتہ-----------

دستخط------

نام---------

شناختی کارڈ نمبر-----

پتہ-----------